Unilever

یونی لیور پاکستان فوڈز لمیٹڈ

آواری پلازہ، فاطمہ جناح روڈ، کراچی-75530

ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے سالانہ اجلاس عام

بحوالہ ہمارے سالانہ اجلاس عام نوٹس شائع شدہ مورخہ 18 مارچ 2020، کمپنی کا سالانہ اجلاس عام اب ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت کے ذریعے منعقد ہوگا۔ اجلاس کا کوئی مقام نہیں ہوگا اور تمام شرکاء ویڈیو لنک کے ذریعے اس میں شرکت کریں گے۔ سالانہ اجلاس عام کا دن / تاریخ / وقت (یعنی منگل 09 اپریل، 2020 بوقت سہ پہر 03 بجے) اور ایجنڈا وہی رہے گا۔ کمپنی نے اس امر کو یقینی بنانے کے لیے انتظامات کیے ہیں کہ شیئر ہولڈرز سمیت تمام شرکاء اس سالانہ اجلاس عام کی کارروائی میں ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوسکیں۔

اجلاس میں شرکت کے لیے ضروری ہے کہ ممبرز اپنا نام، فولیو نمبر، کارآمد ای میل ایڈریس اور اپنے پاس شیئرز کی تعداد کے بارے میں Co-Sec.Pakistan@unilever.com پر ای میل یا واٹس ایپ نمبر 0321-8200864 پر بھیجیں۔ پراکسیز مقرر کرنے کے لیے شیئر ہولڈرز کی طرف سے دستخط شدہ لیٹر کی اسکین کاپی، جس میں پراکسی کو اختیار دیا گیا ہو، مع پراکسی کا ای میل ایڈریس اور مذکورہ بالا مطلوبہ تفصیلات ہمارے ای میل ایڈریس یا واٹس ایپ نمبر پر بھیجنا ضروری ہے۔

ویڈیو لنک اور لاگ ان دستاویزات صرف ان ممبرز / پراکسیز کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کی ای میلز تمام مطلوبہ کوائف کے ساتھ، دیئے ہوئے ای میل ایڈریس پر 07 اپریل، 2020 کو کاروباری اوقات بند ہونے سے قبل موصول ہو جائیں گی۔ شیئر ہولڈرز میٹنگ کے ایجنڈے سے متعلق اپنے تبصرے اور سوال واٹس اپ نمبر 0321-8200864 پر بھیج سکتے ہیں یا Co-Sec.Pakistan@unilever.com پر ای میل کر سکتے ہیں۔

امان گھانچی

کمپنی سیکرٹری

کراچی

27 مارچ، 2020